106560 ـ احرام كی حالت میں ماسك پہننا

سوال

كيا محرم شخص كے ليے احرام كی حالت ميں ماسك پہننا جائز ہے ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

ضرورت كی بنا پر محرم شخص كے ليے ماسك پہننے ميں كوئی حرج نہيں، مثلا كسی انسان كو ناك كی الرجی ہو اور وہ ماسك كا محتاج ہو تو وہ حالت احرام ميں ماسك استعمال كر سكتا ہے، يا پھر بہت زيادہ كثيف دھواں گزر رہا ہو اور يہاں ماسك كی ضرورت ہو تو بھی استعمال كيا جا سكتا ہے يا پھر كہيں سے گزرے تو بدبو آ رہی ہو اور ماسك كی ضرورت پيش ہو تو اس كے استعمال ميں كوئی حرج نہيں " انتہی.

مجموع فتاوی ابن عثيمين (22 / 130 ـ 131).